# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

## ﴿ نوٹیفکیشن ﴾

مراسلہ نمبر- 612۔رجسٹریشن مورخہ:2025-12-05

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات الحاق شدہ لاہور بورڈ

**(ریگولر طلباء/طالبات)**

عنوان:۔ **آن لائن رجسٹریشن/داخلہ شیڈول ریگولر طلباء/طالبات برائے گیارہویں جماعت(Class-XI) تعلیمی سیشن 2025 تا 2027ء**

تمام متعلقین کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ سیکنڈری سکول (دوسرا سالانہ) امتحان 2025ء میں کامیاب طلباء/ طالبات کے لیے گیارہویں جماعت(Class-XI) تعلیمی سیشن 2025 تا 2027ء کی آن لائن رجسٹریشن/داخلہ کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے۔جس میں رجسٹریشن فیس مبلغ-/1150 روپے پروسیسنگ فیس مبلغ-/870 روپے اور سپورٹس فیس مبلغ-/280 روپے ٹوٹل فیس مبلغ-/2300 روپے فی طالب علم/طالبہ مقرر کی گئی ہے۔

| سیریل نمبر | شیڈول | اداراہ جات میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس اور ہارڈ کاپی جمع کروانے کی حتمی تواریخ (فیس آن لائن بینک چالان Registration Category پر ہی جمع کروائیں)۔ (Other Category) پر جمع کروائی گئی رجسٹریشن فیس اور مینوئل چالان قابل قبول نہ ہوگا |
|---|---|---|
| (i) | رجسٹریشن/داخلہ برائے گیارہویں جماعت(Class-XI) بغیر لیٹ فیس | 01 دسمبر 2025ء تا 12 دسمبر 2025ء |
| (ii) | -/600 روپے لیٹ فیس فی طالب علم/طالبہ کے ساتھ گیارہویں جماعت (Class-XI) میں رجسٹریشن/داخلہ (لیٹ فیس بورڈ کو واجب الادا ہوگی) | 13 دسمبر 2025ء تا 22 دسمبر 2025ء |
| (iii) | اداراہ جات میں درج بالا تواریخ تک داخل کیے گئے طلباء/طالبات کی رجسٹریشن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ اور یومیہ جرمانہ مبلغ-/600 روپے فی گروپ/PER BATCH کے ساتھ آن لائن کرنے کا معاملہ | ایسے طلباء/طالبات جن کا داخلہ ادارہ جات میں مقرر کردہ درج بالا شیڈول میں ہوا مگر رجسٹریشن ریٹرن آن لائن نہ ہوسکی نہ ہی BATCH بن سکے تو ان طلباء/طالبات کی رجسٹریشن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ-/600 روپے PER BATCH / GROUP کے ساتھ انٹرمیڈیٹ (پہلا سالانہ) امتحان 2026 کے امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ شیڈول کی تین گنا فیس (Tripple Fee) کی آخری تاریخ تک آن لائن کی جاسکتی ہے۔ |

### ﴿ہدایات﴾

درج بالا تواریخ کے بعد کسی بھی ادارہ کو داخلہ/رجسٹریشن کی اجازت نہ ہوگی۔رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس کا اصل بینک چالان دونوں ہی دستی (By Hand) یا بذریعہ ڈاک دفتر کے جاری کردہ شیڈول میں جمع کروانا لازمی ہے۔رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی دفتر ہذا میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شق نمبر (iii) کے تحت فیس و جرمانہ-/600 روپے یومیہ فی گروپ (PER BATCH) ادا کرنا ہوگا۔سربراہان ادارہ جات اپنے عملہ سے رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی ہمراہ مروجہ فیس بورڈ کے دفتر جمع ہونے کی تصدیق فرمالیں۔رجسٹریشن ریٹرن یا فیس جمع کروانے کیلئے کسی غیر متعلقہ شخص / ایجنٹ وغیرہ سے رابطہ نہ کیا جائے۔ضروری ہدایات سے متعلقہ رہنمائی کتابچہ بورڈ کی ویب سائیٹ (www.biselahore.com) پر ملاحظہ کیا جاسکتا ہے مینوئل رجسٹریشن ریٹرن ہرگز وصول نہیں کی جائے گی۔رجسٹریشن ریٹرن آن لائن کرتے وقت امیدواران کے کوائف کا اندراج سیکنڈری سکول / ایکویلینس (Equivalence) سرٹیفکیٹ کے مطابق کیا جائے گا۔اداراہ جات میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی طالب علم/طالبہ کا اصل داخل خارج رجسٹر ملاحظہ کے لئے منگوایا جاسکتا ہے۔

<u>نوٹ: سربراہ ادارہ کو پابند کیا جاتا ہے کہ طلباء/طالبات کی آن لائن رجسٹریشن کرتے وقت (Recent Picture) سکین کر کے اپ لوڈ کی جائے۔نیز دیگر بورڈز سے سیکنڈری سکول امتحان پاس کر کے داخلہ لینے والے طلباء/طالبات کے NOC اور ایکویلینس (Equivalence) سرٹیفکیٹ رجسٹریشن ریٹرن کے ہمراہ منسلک کیے جائیں بصورت دیگر رجسٹریشن نمبر جاری نہیں کیے جائیں گے۔جس کی تمام تر ذمہ داری ادارہ انتظامیہ پر عائد ہوگی۔</u>

(رضوان نذیر)

سیکرٹری